NHS

URDU

Public Health England

ویکسینز اور سؤر کا جیلاٹن

یہ دستی پرچہ وضاحت کرتا ہے کہ ویکسینز میں سؤر کا جیلاٹن کیسے اور کیوں استعمال کیا جاتا ہے

کچھ ویکسینز میں سؤر کے اجزاء کے معاملے نے کچھ گروہوں میں تشویش کھڑی کر دی ہے۔ یہ دستی پرچہ ان ویکسینز کے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے جو اس پراڈکٹ پر مشتمل ہیں اور ان متبادل ویکسینز کے متعلق جو دستیاب ہو سکتی ہیں۔

جیلاٹن کیا ہے؟

جیلاٹن ایک مادہ ہے جو مرغیوں، پالتو جانوروں، سؤروں اور مچھلی جیسے جانوروں کے کولاجن سے نکالا جاتا ہے۔ کولاجن عضلات، نسیج، ہڈیوں اور نرم ہڈیوں میں پایا جاتا ہے۔ سؤر کا جیلاٹن سؤروں کے کولاجن سے آتا ہے۔ ادویات میں استعمال کے لیے جیلاٹن کی تمام اقسام صفائی اور حفاظت کے سخت ضوابط کے تحت تیار کی جاتی ہیں۔

سؤر کا جیلاٹن ویکسینز میں کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

جیلاٹن ادویات کی بہت وسیع انواع میں استعمال کیا جاتا ہے، بشمول بہت سے کیپسولز اور چند ویکسینز۔ سؤر کا جیلاٹن ویکسینز میں بطور ایک سٹیبلائزر استعمال ہوتا ہے - یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ویکسین ذخیرہ کیے ہونے کے دوران محفوظ اور مؤثر رہے۔ ویکسین کے تیار کنندگان عام طور پر سٹیبلائزرز کی وسیع انواع کو جانچتے ہیں اور اس کو منتخب کرتے ہیں جو مستحکم، اچھے معیار کا اور کافی مقدار میں دستیاب ہو۔ کھانوں میں استعمال ہونے والے جیلاٹن کے برعکس ویکسین میں استعمال ہونے والی پراڈکٹ انتہائی مصفیٰ ہوتی ہے اور بہت ہی چھوٹے مالیکیولوں میں تقسیم کی گئی ہوتی ہے جسے پپٹائیڈز کہتے ہیں۔

ویکسینز دیگر سٹیبلائزرز یا دیگر اقسام کی جیلاٹن سے کیوں نہیں بنائی جا سکتیں؟

ویکسین کی تیاری میں لیبارٹری کے اندر جانچیں کرنے اور کلینیکل مطالعات کے کئی برس لگ سکتے ہیں یہ یقینی بنانے کے لیے کہ یہ محفوظ بھی ہو اور مؤثر بھی۔ جب تیارکنندہ ویکسین کے لیے سٹیبلائزر منتخب کر لیتا ہے، تو اس میں کوئی بھی تبدیلی وسیع لیبارٹری اور کلینیکل مطالعات کی متقاضی ہوتی ہے یہ دکھانے کے لیے کہ ویکسین کی حفاظت اور اثرپذیری متاثر نہیں ہوئی ہیں۔ اس وجہ سے، ایک مختلف سٹیبلائزر والی نئی محفوظ اور مؤثر ویکسین تیار کرنے میں کئی برس لگ سکتے ہیں یا ہو سکتا ہے یہ کبھی ہو ہی نہ۔

کن ویکسینز میں سؤر کا جیلاٹن شامل ہوتا ہے؟

یو کے میں معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام میں، تین ویکسینز ایسی ہیں جن میں سؤر کا جیلاٹن شامل ہے:

- Fluenz Tetra® ناک میں سپرے کرنے والی ویکسین جو بچوں کو زکام سے محفوظ رکھتی ہے
- MMR VaxPro®، ایک ویکسین جو چیچک، کن پیڑوں اور خسرے سے محفوظ رکھتی ہے
- Zostavax®، ویکسین جو ضعیف بالغوں کو کچے داد کی بیماری سے محفوظ رکھتی ہے۔

مذہبی گروہوں کا کیا خیال ہے؟

پبلک ہیلتھ انگلینڈ (PHE) نے Kashrut اور Medicines Information Service سے مشورہ کیا، جن کا کہنا تھا:

'یہ ذہن نشین رکھا جانا چاہیئے کہ یہودی قوانین کے مطابق، جو مصنوعات منہ کے ذریعے استعمال نہیں کی جاتیں ان میں سؤر یا دیگر جانوروں سے اخذ کردہ اجزاء میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ان ویکسینز شامل ہیں، بشمول ایسی ویکسینز جو ناک، ٹیکوں، مقعد یا اندام نہانی کے ذریعے استعمال کی جانے والی ادویات، کریموں اور مرہموں کی صورت میں لگائی جاتی ہیں۔

تاہم، PHE اعتراف کرتی ہے کہ برطانوی مسلمان اور یہودی گروہوں میں تنوع ہے اور وہ، اور کچھ دیگر گروہ، سؤر پر مشتمل مصنوعات والی ادویات اور ویکسینز کو حرام تصور کر سکتے ہیں۔ ان حالات میں، یہ غالب امکان ہے کہ افراد بہت سے فارماسوٹیکل مصنوعات کو قبول کرنے سے قاصر ہوں گے اِلّا یہ کہ کوئی مناسب متبادل نہ ہو/یا مصنوعہ زندگی بچانے والی تصور کی جاتی ہو۔

کیا ان ویکسینز کے کوئی مناسب متبادل ہیں؟

- **MMR:** یو کے میں MMR ویکسین کی دو اقسام ہیں - ®MMR VaxPro اور ®Priorix۔ ®Priorix میں جیلاٹن نہیں ہے اور اتنی ہی محفوظ اور مؤثر ہے جتنی کہ ®MMR VaxPro۔
- **کچی داد کی بیماری:** ®Zostavax کچی داد کی بیماری کی واحد ویکسین ہے جو فی الحال یو کے میں دستیاب ہے۔
- **®Fluenz Tetra:** صحت مند بچوں کے لیے، کوئی مناسب متبادل نہیں ہیں۔ زکام کی ٹیکے کے ذریعے دی جانے والی ویکسینز ہیں جن میں سؤر کا جیلاٹن شامل نہیں ہے، لیکن ان سے بچوں میں ®Tetra سے کم مؤثر ہونے کی توقع ہے۔ وہ علاقے میں زکام کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے کم کام بھی کر سکتی ہیں۔ یہ ویکسینز صرف ان بچوں اور بالغوں کے پروگرام کے جزو کے طور پر سفارش کردہ ہیں جو زکام کی پیچیدگیوں کے بہت زیادہ خطرے کی زد میں ہیں۔

اگر لوگ اپنے اور اپنے بچوں کے لیے سؤر کے جیلاٹن پر مشتمل ویکسینز نہیں لینا چاہتے تو پھر؟

ویکسین لینی ہے یا نہیں، یا اپنے بچے کو ویکسین دلوانی ہے یا نہیں اس بارے میں حتمی فیصلہ آپ کا ہے۔ کسی باخبر فیصلے تک پہنچنے کے لیے ہو سکتا ہے کہ آپ خود کو یا اپنے بچے کو ویکسین دلوانے کے فوائد اور نقصانات کے متعلق ثبوت پر غور کرنا چاہیں، اور ہو سکتا ہے آپ اپنے مذہبی رہنماؤں یا دیگر سماجی قائدین سے مشورہ لینا چاہیں۔

ایسے والدین جو اپنے بچوں کو سؤر کے جیلاٹن پر مشتمل MMR ویکسین نہیں دلوانا چاہتے انہیں اپنے جی پی سے ®Priorix ویکسین کی درخواست کرنی چاہیئے۔ دو خوراکوں کا مکمل کورس چیچک، کن پیڑوں اور خسرے سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ براہِ کرم ذہن میں رکھیں کہ پریکٹس کو خصوصی طور پر اس پراڈکٹ کا آرڈر دینے کی ضرورت ہو سکتی ہے اس لیے ملاقات سے پہلے انہیں اپنے خیالات بتانا مددگار ہو گا۔

اگر آپ کا بچہ صحت کی کسی سابقہ کیفیت کی وجہ سے زکام کے زیادہ خطرے کی زد میں ہے، تو ناک کے ذریعے دی جانے والی ویکسین کو بہترین انتخاب تصور کیا جاتا ہے۔ اگر وہ ناک میں کی جانے والی سپرے نہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں یا طبی وجوہات کی بناء پر یہ نہیں لے سکتے، پھر انہیں ٹیکے کے ذریعے زکام کی ویکسین لینی چاہیئے۔ زکام کے زیادہ خطرے کی زد میں بالغان کے لیے، ٹیکے کے ذریعے لگنے والی ویکسین بھی دی جانی چاہیئے۔ سالانہ این ایچ ایس پروگرام کے جزو کے طور پر صحت مند بچوں کے لیے کوئی متبادل ویکسین دستیاب نہیں ہے۔ تاہم آپ کے علاقے میں زیادہ بچوں کو ناک کے ذریعے دی جانے والی ویکسین دی جا رہی ہے، آپ اور آپ کے اہلِ خانہ کا زکام کی زد میں آنے کا کم خطرہ ہونا چاہیئے۔

خود کو کچی داد سے محفوظ رکھنے کے خواہش مند بزرگ افراد کے لیے فی الحال ®Zostavax کا کوئی متبادل موجود نہیں ہے۔

اگر آپ ویکسینز کے متعلق اپنے فیصلے کرنے سے قبل مزید معلومات لینا چاہیں، تو آپ اپنے ڈاکٹر یا پریکٹس نرس سے بات چیت کرنے کے خواہشمند ہو سکتے ہیں۔ یہ خصوصاً تب اہمیت کا حامل ہے اگر ان بیماریوں کی زد میں آنے کے زیادہ خطرے میں ہیں جن سے یہ ویکسینز مؤثر طور محفوظ رکھتی ہیں۔

©کراؤن حقوقِ اشاعت 2018۔ پہلی بار اگست 2015 میں پبلک ہیلتھ انگلینڈ کی جانب سے پی ڈی ایف کے طور پر شائع کیا گیا۔ نظر ثانی کردہ اکتوبر 2018 (APS) 2p 10K